## سوال

(71) تسبیح پر تسبیحات پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تسبیح پر تسبیحات پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ جب کہ تسبیح پر پڑھنے کا مقصد مقدار کئی گنتی ہو؟ خالد۔ ی۔ مکہ المکرمہ

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

تسبیح کا ترک بہتر ہے اسے بعض اہل علم نے ناپسند کیا ہے تسبیح انگلیوں پر ہی افضل ہے جیسا کہ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے حکم دیا کہ ''تسبیح وتہلیل انگلیوں پر کی جائے'' نیز فرمایا کہ انگلیاں عنداللہ مسؤل ہوں گی اوانہں زبان عطا کی جائے گی'' اس حدیث کو ابوداؤد نے نکالا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ**

**جلداول - صفحہ 83**

**محدث فتویٰ**